سوال

(463) ستائیس سال پہلے چھوڑے روزوں کی قضا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری عمر پچاس سال ہے، میرے ذمے پندرہ دن کے روزے باقی ہیں، اور یہ ستائیس سال پہلے اس وقت چھوڑ گئے تھے جب میرے ہاں ایک بچے کی ولادت ہوئی تھی، اور میں اس موقعہ پران کی قضا نہیں دے سکی۔ تو کیا اب میں یہ قضا کر سکتی ہوں، اور کیا مجھ پر اس کا گناہ بھی ہوگا؟ براہ مہربانی میری رہنمائی فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ نے اپنے ان روزوں کی قضا میں جو تاخیر کی ہے اس پر اللہ سے توبہ کریں، اور آپ پر واجب ہے کہ ان دنوں کی قضا دیں، اور ساتھ ہی ہر دن کے بدلے ایک مسکین کو آدھا صاع (سوا کلو) طعام بھی دیں، وہ طعام جو آپ کے ہاں معروف ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 360

محدث فتویٰ